یہاں سے کاٹئے

Question Paper Serial No. **80**

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولئے

Tear here

# C

**CCE PF**
**CCE PR**
**REVISED**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8 ]
Total No. of Printed Pages : 8 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 48 ]
Total No. of Questions : 48 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U**

**Code No. : 85-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Fresh & Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 09. 04. 2020 ] [ Date : 09. 04. 2020

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Subjective) اور موضوعی (Objective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 48 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ 8 × 1 = 8

1. 1453 میں قسطنطنیہ نے کس شہر پر قبضہ کرلیا۔

(A) عرب (B) عثمانی ترک

(C) اٹلی (D) پرتگال

2. بھارت چھوڑ دو تحریک نے کئی غیر کانگریسی رہنماؤں کو آگے بڑھایا اور حصّہ لیا۔

دی گئی فہرست سے غیر کانگریس لیڈر کو پہچانئے۔

(A) کستور با گاندھی

(B) ڈاکٹر بی آر امبیڈکر

(C) جےَ پرکاش نارائن

(D) مولانا ابوالکلام آزاد

3. ہندوستان کے وہ کونسے وزیراعظم ہیں جنہوں نے باہمی بین الاقوامی رابطے کے لئے پنچ شیل اصولوں کو اپنایا اور چین کے وزیراعظم چوئن لائی کے ساتھ دستخط کیا۔

(A) پنڈت جواہر لال نہرو (B) لال بہادر شاستری

(C) اندرا گاندھی (D) اٹل بہاری واجپائے

4. ''بالیکا کیندرا تنظیم'' کو ریاست کے کس ادارہ نے اپنایا جس کے تحت تمام لڑکیوں کو متحد کرنا ہے۔

(A) بچوں کی حقوق کمیٹی (B) بچوں کا گرام سبھا

(C) بچوں کی تحفظی کمیٹی (D) آنگن واڑی

5. کارگل کے قریب ڈرانس میں سب سے کم درجہ حرارت ریکارڈ درج ہے۔ کیونکہ

(A) سورج کی شعاعیں جنوب نصف کرہ پر عموداً پڑتی ہیں۔

(B) سمندر کے قریب ہے

(C) سطح مرتفع سمندر سے اوپر ہے

(D) جنوب مغربی مانسون سے تعلق ہے

6. دستور کی دفعہ 21 کے تحت

(A) دلتوں کی تعلیمی حقوق کی حمایت کرنا اور فروغ دینے کو حکومتوں کی ذمہ داری قرار دیتا ہے

(B) اقلیتوں کے ثقافتی حقوق کو تحفظ فراہم کرتا ہے

(C) حکومت کی ذمہ داری ہے کہ تمام لوگوں کو فلاح و بہبودی اور سماجی انصاف ملے۔

(D) تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے۔

7. حکومت بغیر ٹیکس کی آمدنی دیگر ذرائعوں سے اکٹھا کرتی ہے۔

(A) اشیاء اور خدماتی ٹیکس (GST)

(B) مختلف قسم کی فیس اور جرمانوں سے

(C) درآمدات و برآمدات ٹیکس

(D) اسٹامپ ڈیوٹی (Stamp Duty)

8. وہ صنعت کار جو ''سفید انقلاب کے باوا آدم کہلاتے ہیں۔''

(A) ڈاکٹر پرتاب رڈی

(B) نریش گویل

(C) وارگیز کورائین

(D) کرن مجمدارشا

II. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 8 × 1 = 8

9. دوعملی حکومت کس نے قائم کی ؟

10. ''ستی'' رواج کے خلاف آواز اٹھانے کے لئے کس انگریز افسر نے راجا رام موہن رائے کا ساتھ دیا ؟

11. ''عالمی انسانی حقوق'' کا تحفظ کب منایا جاتا ہے ؟

12. لڑکیوں کا جنینی قتل سے کیا مراد ہے ؟

13. ''ٹراپکی برگ فشاں جنگلات'' کو مانسونی برگ فشاں' جنگلات بھی کہا جاتا ہے۔ کیوں ؟

14. آبادی کی کثافت سے کیا مراد ہے ؟

15. متبادلہ نظام کسے کہتے ہیں ؟

16. 15 مارچ 1962 عالمی صارفین تحریک کی تاریخ میں ایک اہم دن ہے جسے ''یومِ عالمی صارفین کے حقوق پر مناتے ہیں'' وجہ لکھئے۔

III. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو جملوں میں لکھئے : 18 × 2 = 36

17. عہد معاونت پالیسی کے ذریعہ انگریز ہندوستانی ریاستوں پر قابو کس طرح پا سکے ؟

18. گوا پرتگالیوں سے 1961 میں کس طرح آزاد ہوا ؟

19. ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟

یا

سلامتی کونسل کے اہم وجوہات بیان کیجئے۔

20. سماجی پرتوں کے نظام کی اہم شکلیں کیا ہیں ؟

یا

کس طرح دیوراج ارس کے اقتدار پر آنے کے بعد بڑے پیمانے پر سماجی تبدیلیوں کا آغاز ہوا ؟

21. مغربی گھاٹ اور مشرقی گھاٹ میں کیا فرق ہے ؟

22. مٹی کے کٹاؤ کی وجوہات بیان کیجئے۔

23. ''خواتین کی خود امدادی تنظیمیں'' قائم کی گئیں جس سے خواتین کی حصّہ داری کو فروغ دے کر انہیں خود کفیل بنایا جا رہا ہے۔ وجہ بیان کیجئے۔

24. ''آفاقیت سے صارفین کو بہت فائدہ پہنچتا ہے۔'' وضاحت کیجئے۔

25. بکسر کی جنگ کے نتائج بیان کیجئے۔

26. کون کونسی ریاستیں مسئلہ الحاق یا بازگشت کے قانون میں آگئے ؟

27. کس طرح جوناگڑھ ہندیونین میں شامل کیا گیا ہے ؟

28. ہندوستان اپنے صحیح نظریہ سے انسانی حقوق کی حفاظت اور اپنانے میں مددگار ثابت ہوا ہے۔ وضاحت کیجئے۔

29. تنظیم اقوام متحدہ (UNO) کے مقاصد کیا ہیں ؟ لکھئے۔

30. بچوں کی نقل مکانی کے بُرے اثرات کیا ہیں ؟

31. ہندوستانی سرحدوں کو پڑوسی ممالک سے کس طرح تقسیم کیا گیا ہے ؟

32. برقی قوت کو بچانے کے لئے کونسے اقدام لئے جا سکتے ہیں ؟ اپنے خیالات قلمبند کیجئے۔

33. عوامی اخراجات کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟

34. صارفین ( گاہک ) ایکٹ اور تحفظ کے اہم مقاصد لکھئے۔

IV. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چھ جملوں میں لکھئے : 9 × 3 = 27

35. انگریزی تعلیمی طریقہ کار سے نئے عہد کے ہندوستانی معیار کو ترقی ملی۔ وضاحت کیجئے۔

36. ہلگلی بیڑ ابغاوت پر نوٹ لکھئے۔

یا

آریہ سماج کے مقاصد بیان کیجئے۔

37. ''دوسری جنگ عظیم'' ایک کثیری نقصانات اور تباہیوں والی جنگ تھی۔ واضح کیجئے۔

38. اپنے تاثرات کے ذریعہ بتائیے کہ فرقہ واریت ہندوستانی سماج کا ایک سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ اُسے کس طرح حل کیا جاسکتا ہے ؟

39. منظّم اور غیر منظّم مزدور کے درمیان کیا فرق ہے ؟ واضح کیجئے۔

40. نقل و حمل اور ابلاغ سے کیا مراد ہے ؟

یا

صنعت کی مقامیت پر اثر کرنے والے اہم عوامل کیا ہیں ؟

41. زلزلوں سے بچنے کے لئے احتیاطی اقدامات کونسے ہیں ؟ لکھئے۔

42. پنچایت راج کے اداروں کا کردار بیان کیجئے۔

یا

ریزرو بینک آف انڈیا کے اہم کام کونسے ہیں ؟

43. ڈاک خانہ سے ملنے والی رقم کی سہولیات کونسی ہیں ؟

یا

باصلاحیت صنعت کار کے عمل کی ضروری فہرست بنایئے۔

V. **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات آٹھ جملوں میں لکھئے :** 4 × 4 = 16

44. ہندوستان کی پہلی جنگ آزادی 1857 کی ناکامی کے اسباب بیان کیجئے۔

45. ڈاکٹر بی آر امبیڈکر نے سماجی آزادی کو ترجیح دی۔ اپنے خیالات بیان کیجئے۔

**یا**

کس طرح سے انتہاپسندوں نے بڑھ چڑھ کر تحریک آزادی میں حصّہ لیا۔ بیان کیجئے۔

46. ہندوستان اور چین کے تعلقات کو سندھو ندی کے تہذیب وتمدن اور میسوپوٹومیا کی تہذیب وتمدن کے تعلق سے جوڑا گیا ہے۔ وضاحت کیجئے۔

47. ہندوستان کی معاشی ترقی کے لئے زراعت ایک اہم ذریعہ ہے۔ بیان کیجئے۔

VI. 48. **ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں :** 1 + 4 = 5

a) خط سرطان وسطی $23\frac{1}{2}^\circ$

b) گووند ساگر

c) ممبئی ہائی

d) توٹکوڑی

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 48 کی جگہ)**

ہمہ مقصدی دریائی منصوبہ کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟ 5